گورنر KATHY HOCHUL | فوری ریلیز کے لیے: 2/12/2022

گورنر HOCHUL نے کلیدی انڈسٹریز کو سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹس کی طرف متوجہ کرنے کے لیے 200$ ملین تک کے "FAST NY" گرانٹ پروگرام کا اعلان کیا اب خطِ ارادیت قبول کیے جائیں گے

پروگرام نیویارک کی سنگ بنیاد کی تحریک کا فوری آغاز کرے گا اور بڑے آجروں کے لیے ریاست کو دلچسپی کا مرکز بنانے میں اضافہ کرے گا

ممکنہ درخواست دہندگان کے لیے معلوماتی ویبینار 15 دسمبر کو منعقد کیا جائے گا

درخواست پورٹل 15 دسمبر کو کھلیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیویارک میں کلیدی گروتھ انڈسٹریز کو راغب کرنے اور بڑھانے کے لیے نیا 200$ ملین تک کا سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹس پر مرکوز (Focused Attraction of Shovel-Ready Tracts) گرانٹ پروگرام اب ممکنہ درخواست دہندگان سے خطِ ارادیت قبول کرے گا۔ FAST-NY اعلیٰ تکنیکی مینوفیکچرنگ؛ بین الریاستی ڈسٹری بیوشن اور لاجسٹکس کے کاروبار؛ اور دیگر بڑے آجروں کو راغب کرنے کے تناظر میں ریاست نیویارک میں کلیدی تجارتی سائٹس کو ترقیاتی کام کی تیاری میں مدد دینے کے لیے تصدیق کاری اور گرانٹ فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ درخواست کے عمل میں پہلے مرحلے کے طور پر خطِ ارادیت قبول کر رہا ہے اور 15 دسمبر کو درخواست پورٹل کھلنے کے بعد خطوط جمع کروانے والوں سے پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر درخواستیں قبول کرے گا۔

"نیا FAST-NY پروگرام سنگ بنیاد کے لیے تیار سائٹس کی ہماری سپلائی میں اضافہ کر کے اور مستقبل کی ملازمتوں اور کاروباروں کو راغب کر کے نیویارک کی حیثیت کو تجارتی ہب کے طور پر مزید قائم کرے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس 200$ ملین تک کی سرمایہ کاری کے ساتھ، ہم اپنی ریاستی معیشت میں انتہائی اضافہ کرنے میں مدد دے رہے ہیں اور ان کلیدی انڈسٹریز کو اس میں شامل کر رہے ہیں جو زیادہ ترقی، زیادہ اجرت والی ملازمتیں پیدا کرتی ہیں۔ میں FAST NY میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو خط ارادیت جمع کروا کر اپنی درخواست کے فوری آغاز کی ترغیب دیتی ہوں۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "مرکزی نیویارک میں اعلان کردہ تاریخی مائیکرون سرمایہ کاری اس بات کا حتمی ثبوت ہے کہ کمپنیوں کو تعمیر کرنے کے لیے سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹ حاصل ہونا ایک زبردست سرمایہ کاری ہے۔ چونکہ یہ کمپنیاں وفاقی CHIPS اور سائنس اور نیویارک کے اپنے گرین CHIPS پروگرام سے فائدہ اٹھانا چاہتی ہیں، لہٰذا نیویارک کو سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے مزید سائٹس درکار ہوں گی، اور FAST NY ترقی کے ایک نئے دور کے آغاز میں مدد دے گا۔"

سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے لیے سائٹ کے انتخاب میں سنگ بنیاد ڈالنے والی سرمایہ کاریاں ایک کلیدی محرک ہیں۔ سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرر مائیکرون نے حال ہی میں مرکزی نیویارک میں سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار وائٹ پائن سائٹ کا انتخاب کیا تاکہ اس کے چپ بنانے والے فیب کے لیے 100$ بلین تک کی سرمایہ کاری کی جا سکے

اور مارسی میں سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹ ایک اہم عنصر تھی جس سے موہاک ویلی میں وولف اسپیڈ (Wolfspeed) لائے جانے میں مدد ملی۔

سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹس پر مرکوز توجہ (FAST NY) پروگرامنگ کی تین اقسام ہیں:

- **ٹریک A - FAST NY سنگ بنیاد کے لیے تیار مقام کی تصدیق کاری**
  - سائٹ کی مارکیٹنگ کے مقاصد کے لیے ESD کی جانب سے یہ بلا لاگت تعین کاری ثابت کرتی ہے کہ مقام میں کسی کاروبار کے دلچسپی ظاہر کرنے سے پیشتر درخواست دہندہ نے تمام اہم منظوریوں کے جراء پورے کرنے کے لیے ریاست نیویارک ("سٹیٹ") کے ساتھ فعال طور پر کام کیا ہے۔ تفصیلات کا اعلان بعد کی تاریخ میں کیا جائے گا۔

- **ٹریک B - FAST NY پیشگی ترقیاتی کاموں کی گرانٹس**
  - فی سائٹ $500,000 تک کی ورکنگ کیپیٹل گرانٹس پیشگی ترقیاتی کام کی سائٹ کی ضروری منصوبہ بندی اور مستقبل کے سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹس کے جائزوں کی لاگت کو فنڈ دینے کے لیے دی جائیں گی۔
    - گرانٹس پیشگی ترقیاتی کاموں کی سرگرمیوں کو مکمل کرنے میں گرانٹ وصول کنندگان کی مدد کے لیے ضروری اخراجات میں فنڈ دیں گے، جیسے کہ FAST NY سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹ کی تصدیق کاری کے لیے درکار ہے۔

- **ٹریک C - FAST NY بنیادی ڈھانچے میں بہتریاں**
  - بنیادی ڈھانچے کی بہتریوں جیسے پانی، سیوریج، آمد و رفت، بجلی، گیس اور دیگر سرمائے کی اہل سائٹ کی بہتری کے اخراجات کے لیے فنڈز فراہم کر کے موجودہ، ارتقائی مقامات کی سنگ بنیاد ڈالے جانے کے لیے تیار سائٹ کو بہتر بنانے کے لیے کیپٹل گرانٹس دی جائیں گی۔

مسابقتی گرانٹ ایوارڈز ان سائٹس کے لیے دستیاب ہوں گے جنھوں نے FAST NY سنگ بنیاد ڈالے جانے کی تیار سائٹ کی تصدیق کاری کے تقاضوں کو کافی حد تک پورا کیا ہے۔

درخواست دہندگان جو درخواست دینے کے اہل ہیں وہ میونسپلٹیز اور میونسپلٹی کی جانب سے نامزد غیر منافع بخش اقتصادی ترقی کی تنظیمیں ہیں، جیسے کہ ریاست نیویارک میں قائم غیر منافع بخش صنعتی ترقیاتی ایجنسیز اور اتھارٹیز اور اقتصادی ترقیاتی کارپوریشنز جو اس میونسپلٹی کی جانب سے کام کرنے کے لیے نامزد ہیں جس میں سائٹ واقع ہے۔ گرانٹ کے لیے زیرِ غور آنے کی خاطر اہل ہونے کے لیے سائٹس کا سائز کم از کم 40 ایکڑ ہونا چاہیئے۔ تاہم، ان چھوٹی سائٹس کے لیے استثنات دیے جا سکتے ہیں جو سائٹ کے قوی وسائل یا عوامی فوائد کا مظاہرہ کرتی ہوں جیسے کہ براؤن فیلڈ میں دوبارہ ترقی کا امکان موجود ہے۔ اہل انڈسٹریز میں شامل ہیں:

- اعلیٰ تکنیکی مینوفیکچرنگ، جس میں کلین ٹیک قابل تجدید توانائی، لائف سائنسز، زرعی کاروبار، آپٹکس، آمد و رفت کا ساز و سامان، میٹریلز پروسیسنگ، صنعتی مشینری مینوفیکچرنگ اور دیگر جدید مینوفیکچرنگ شامل ہیں لیکن انہی تک محدود کرنے کی ضرورت نہیں ہے
- سائٹس برائے بین الریاستی ڈسٹری بیوشن اور لاجسٹکس
- سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ اور متعلقہ صنعت اور سپلائی چین کے پروجیکٹس کو ترجیح دی جا سکتی ہے

اہل سائٹس کی سرگرمیوں میں شامل ہیں:

- مینوفیکچرنگ
- تحقیق اور ترقی
- دفتری پارک
- بین الریاستی ڈسٹری بیوشن اور لاجسٹکس

تمام گرانٹ فنڈز باز ادائیگی کی بنیاد پر جاری کیے جائیں گے۔ خطِ ادادیت (Letters of Intent, LOI) جمع کروانے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں https://esd.ny.gov/fast-ny۔

ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا، "چونکہ ہم نیویارک کے عالمی وبائی دور سے نکلنے والی معیشت کو مضبوط بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، اور جیسا کہ ہم مستقبل میں سپلائی چین میں رکاوٹوں سے بچنے کے لیے مقامی مینوفیکچرنگ کو تقویت دینے کی کوشش میں ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ ہم اعلیٰ تکنیکی مینوفیکچرنگ شعبے میں بڑی سرمایہ کاری کریں جو مستقبل کی معاشی ترقی اور جدت کا ایک اہم محرک بن جائے گے۔ ان بڑھتی ہوئی انڈسٹریز کو نیویارک کی طرف راغب کرنے کے لیے ابھی اقدامات کرنا ہماری ریاست کو طویل مدتی اقتصادی کامیابی اور مستقبل میں روزگار کے مضبوط مواقع فراہم کرے گا۔"

رکن اسمبلی Harry B. Bronson نے کہا، "اقتصادی ترقی کے صدر کے طور پر، مجھے سنگ بنیاد ڈالنے کے لیے تیار سرمایہ کاریوں کا آغاز دیکھ کر خوشی ہوئی ہے۔ جب ہم نے بجٹ میں سنگ بنیاد ڈالنے کے لیے تیار فنڈنگ کو شامل کرنے کے لیے جدوجہد کی، تو ہم جانتے تھے کہ یہ ایک ریاست کے طور پر ہماری معاشی ترقی کے لیے کتنی بڑی تبدیلی کا باعث بنے گا۔ اس گرانٹ پروگرام کی وجہ سے کاروبار اب ریاست نیویارک کی جانب راغب ہوں گے، اور اس کے نتیجے میں ہزاروں نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ یہ وہ معاشی محرکات ہیں جو ہمیں نیویارک کو اعلیٰ تکنیکی مینوفیکچرنگ کی طرف پیش رفت دینے، اپنے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے، اور اپنی ریاست کے لیے ایک جامع افرادی قوت تخلیق کرنے کے لیے درکار ہیں۔"

ریاست نیویارک معاشی ترقیاتی کارپوریشن کے صدر Ryan Silva "ریاست نیویارک کی مسلسل اقتصادی ترقی کو مارکیٹ/ سنگ بنیاد ڈالنے کے لیے تیار سائٹ کی ترقی میں سرمایہ کاری کے ذریعے تیز کیا جائے گا۔ یہ سرمایہ کاری کمیونٹیز کو نیویارک میں سرمایہ کاری اور ترقی کے خواہاں کاروباروں کے لیے امکانیت اور مارکیٹ کے لیے مختصر وقت کی پیشکش کر کے نئی انڈسٹریز کو پیشگی فعال طور پر راغب کرنے کا موقع دے گی۔ یہ تعمیراتی ملازمتوں کی فوری مانگ بھی پیدا کرے گی اور ہمارے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنائے گی، جس سے نیویارک ریاست کو مستقبل کی ملازمتوں کو برقرار رکھنے اور اپنی طرف متوجہ کرتے ہوئے اپنے بیان کردہ صاف توانائی کے اہداف حاصل کرنے میں مدد دے گا، جس سے تمام نیویارک کے باشندوں کے لیے اقتصادی مواقع کو محفوظ بنانے میں مدد ملے گی۔ اس سال کے بجٹ میں اس اہم پروگرام کی منظوری کے لیے ہم گورنر Hochul اور مجلس قانون ساز کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418